سبق-19

پہیلیاں

© NCERT not to be republished

1

نیچے پٹکو اوپر جاتی   اوپر سے پھر نیچے آتی
اونچی اونچی کود لگاتی   گول گول ہوں تم کو بھاتی

2

ایک پہیلی میں کہوں   تو سُن لے میرے پوت
بِنا پروں کے اڑ گئی   باندھ گلے میں سوت



3

ایک تھال موتیوں سے بھرا　　سب کے سر پر اَوندھا دھرا
چاروں اُور وہ تھال پھرے　　موتی اس سے اک نہ گرے

4

اُس کے کان پہ میرا منھ　　میرے منھ پر اُس کا کان
پاس نہیں ہم دونوں پھر بھی　　باتیں کیں کیسے؟ پہچان

© NCERT not to be republished

5

پتّی پتّی اس کی ہری ہے   پِس جائے تو لال پری ہے
پیاری پیاری اُس کی لالی   اُس سے خوش ہر لڑکی بالی

© NCERT not to be republished

مشق

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. اِن پہیلیوں کے جواب دیجیے۔
2. آپ کو اِن پہیلیوں میں سے کون سی پہیلی زیادہ پسند ہے اور کیوں؟
3. اِن پہیلیوں کے علاوہ جو پہیلی یاد ہو اُسے سُنائیے۔
4. اپنی پسند کی دو پہیلیاں اپنی کاپی میں لکھیے۔

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے ۔

= ____________

= ____________

= ____________

= ____________

= ____________

= ____________

© NCERT not to be republished

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

ب	الف
	کان
	منھ
	منہدی کا درخت
	پَر
	موتی
	پری
	لڑکی

© NCERT not to be republished

نیچے دیے گئے چارٹ میں پہیلیوں کے نام تلاش کیجیے۔

منہدی

آسمان

گیند

ن	و	ف	ی	ل	ے	ٹ	پ
م	ی	د	ہ	ن	م	ے	ت
ن	ا	م	س	آ	ف	و	ن
ے	ر	ا	ت	د	ن	ے	گ

پتنگ

تارے

ٹیلی فون

© NCERT not to be republished

خوش خط لکھیے۔

نیچے

پہیلی

اَوندھا

پہچان

پتّی

دل چسپ مشغلہ

اس تصویر کے جن حصّوں میں نمبر 1 لکھا ہے اُن میں زرد، نمبر 2 والے حصّوں میں ہرا، نمبر 3 میں سُرخ، نمبر 4 میں نیلا اور نمبر 5 میں کالا رنگ بھریے۔ آپ کو ایک عجیب چیز نظر آئے گی۔ اس کا نام بتائیے۔

© NCERT not to be republished

لوہے کا پرندہ

پھیلائے پَروں کو
دھرتی سے اُڑا ہے
کچھ دُور پہنچ کر
دھیرے سے مُڑا ہے
لوہے کا پرندہ

طے کرتا ہے پَل میں
پہروں کے سَفر کو
چھُو آتا ہے پھُر سے
ایک ایک نگر کو
لوہے کا پرندہ

چمکیلے پَروں سے
جب تَیرے ہَوا میں
اک راگ سا چھیڑے
خاموش فضا میں
لوہے کا پرندہ

اُڑتا ہے تو پَنچھی
اُترے تو بَلا ہے
تم سوچ کے بچّو
بتلاؤ یہ کیا ہے؟
لوہے کا پرندہ

(قتیلؔ شفائی)

© NCERT not to be republished